## جب تک پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام چھوٹی چھوٹی برادریوں کے دائرے سے نہیں نکلیں گے وہ جاگیرداروں کے چنگل سے آزاد نہیں ہوسکیں گے۔الطاف حسین

## اپنی اپنی برادریوں کے دائرے میں بند ہونے کے بجائے غریب ومتوسط طبقہ کی برادری میں ضم ہوجائیں، پنجاب کے عوام کو الطاف حسین کا پیغام

## میری جدوجہد کا بنیادی مقصد ایسا جمہوری انقلاب برپا کرنا ہے کہ غریب ومتوسط طبقہ کو زندگی کے ہر شعبہ میں انکے حقوق حاصل ہوں

## ہم امیروں کے خلاف نہیں بلکہ کرپشن کے خلاف ہیں، ایسا نظام تشکیل دینا چاہتے ہیں جس میں تاجر وصنعتکار بھی ایمانداری سے اپنی صنعتیں چلائیں اور صنعتی ترقی کے ساتھ ساتھ محنت کشوں کے حقوق کا بھی خیال رکھیں، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں اجلاس سے خطاب

## ثابت قدمی سے تحریک سے جڑے رہنے والے ایم کیوایم پنجاب کے کارکنوں کو الطاف حسین کا سلام تحسین

لندن۔۔۔22 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جب تک پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام چھوٹی چھوٹی برادریوں کے دائرے سے نہیں نکلیں گے وہ جاگیرداروں کے چنگل سے آزاد نہیں ہوسکیں گے لہٰذا فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے پنجاب کی تمام برادریوں کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو چاہیے کہ وہ اپنی اپنی برادریوں کے دائرے میں بند ہونے کے بجائے غریب ومتوسط طبقہ کی برادری میں ضم ہوجائیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں اراکین رابطہ کمیٹی طارق جاوید، سلیم شہزاد، محمد انور، سید طارق میر، محمد اشفاق، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیزآبادی، قاسم علی رضا اور سینیٹ میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر بابر خان غوری، لاہور سے تعلق رکھنے والی سابق رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ آصف، کراچی سٹی کونسل کے رکن احسن صدیقی، کراچی کے حق پرست یوسی ناظمین ندیم ہاشمی، عمران احمد خان اور عمران یوسف زئی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان کی جدوجہد کا بنیادی مقصد پاکستان میں ایسا جمہوری انقلاب برپا کرنا ہے کہ ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو زندگی کے ہر شعبہ میں ان کے بنیادی حقوق حاصل ہوں اور ایسا نظام تشکیل دیا جائے جس میں تاجر وصنعتکار بھی غیرقانونی راستے اختیار کرنے کے بجائے ایمانداری سے اپنی صنعتیں چلائیں اور صنعتی ترقی کے ساتھ ساتھ محنت کشوں کے حقوق کا بھی خیال رکھیں۔انہوں نے کہا کہ ہم امیروں کے خلاف نہیں بلکہ کرپشن کے خلاف ہیں اور ایسا منصفانہ نظام قائم کرنا چاہتے ہیں جس میں امیر غریب سب کو انصاف کے یکساں مواقع حاصل ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک میں صحیح جمہوری انقلاب کا پیغام ہے اسی لئے استحصالی طبقہ نے ایم کیوایم کو پنجاب میں کبھی بھی آزادی سے کام نہیں کرنے دیا بلکہ ہمیشہ اس کے خلاف سازشیں کی گئیں اور ایم کیوایم کو پنجاب میں پھیلنے سے روکنے کیلئے مختلف سانحات اور واقعات کروائے گئے اور ان کو بنیاد بنا کر پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف طرح طرح کا منفی پروپیگنڈہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب میں ایم کیوایم کو آزادی سے تنظیمی کام کرنے دیا جاتا تو آج پنجاب کے غریب ومحروم عوام کی اکثریت ایم کیوایم کے ساتھ ہوتی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر میں نے بھی اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھوں اپنے ظرف وضمیر کا سودا کرلیا ہوتا تو آج میرے پاس بھی بے شمار مال ودولت اور جائیداد ہوتی، لاہور، اسلام آباد اور ملک کے ہر شہر میں بنگلے ہوتے لیکن میں نے اپنے ظرف وضمیر کا سودا نہیں کیا جس کی سزا میں گزشتہ 17 برسوں سے جلاوطنی کی صورت میں بھگت رہا ہوں لیکن میں مایوس نہیں ہوں اور تمام تر سازشوں اور پروپیگنڈوں کے باوجود اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوا ہوں۔جناب الطاف حسین نے فرسودہ اور استحصالی نظام کے خاتمہ کیلئے ضروری ہے کہ ایک جیسے مسائل کا شکار محروم عوام جو مختلف برادریوں کے خانوں میں بٹے ہوئے ہوں وہ اپنے حقوق کے حصول کیلئے متحد ہوجائیں اور مشترکہ جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ ہم نے کراچی، حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص اور سندھ کے دیگر شہروں سے برادری سسٹم کو ختم کردیا اور مختلف برادریوں میں تقسیم محروم لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کردیا اور آج وہ متحد ہوکر ایک قوت بن چکے ہیں لیکن بدقسمتی سے پنجاب میں برادری سسٹم بہت مضبوط ہے اور پنجاب کے محروم عوام آج بھی مختلف برادریوں کے خانوں میں بٹے ہوئے ہیں۔انہوں نے پنجاب کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ملک کے فرسودہ، بدنما اور کرپٹ جاگیردارانہ نظام کو اسی صورت میں ختم کرسکتے ہیں جب ہم مختلف برادریوں کے خانوں میں بٹنے کے بجائے محروم طبقہ کی برادری کی شکل میں متحد ہوں اور جاگیرداروں کے چنگل سے نکلنے کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ضلعی عہدیداروں اور کارکنوں سے کہا کہ وہ قطعی طور پر مایوس نہ ہوں بلکہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک میں جمہوری انقلاب کیلئے ثابت قدمی اور مستقل مزاجی سے جدوجہد جاری رکھیں۔انہوں نے ثابت قدمی سے تحریک سے جڑے رہنے والے تمام کارکنوں کو دل کی گہرائیوں سے سلام تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے جس سیلف فائنانسنگ اسکیم کا اعلان کیا ہے اس کا دائرہ صرف کراچی تک

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن تابش نور ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہوگئے

## مرحوم کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، تدفین میں صوبائی وزیر عبدالحسیب، ٹاؤن ناظم ودیگر کی شرکت

## تابش نور کے جاں بحق ہونے پر قائد تحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22 جنوری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن تابش نور ولد نور نبی ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہوگئے۔''اناللہ وانا الیہ راجعون''۔مرحوم کی عمر 22 برس تھی اور وہ غیر شادی شدہ تھے مرحوم کے سوگواران میں والدین، دو بہنیں اور دو بھائی شامل ہیں۔مرحوم کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ نورانی جامع مسجد میں ادا کی گئی نماز جنازہ و تدفین میں صوبائی وزیر عبدالحسیب سائٹ ٹاؤن ناظم اظہار الدین و نائب ناظمین علاقائی سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں تابش نور کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی تابش ولد نور نبی کے انتقال پر مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام رضویہ سوسائٹی میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد، بچوں کو ہیپا ٹائٹس کے ٹیکے لگائے گئے

## رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔22 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کم عمر بچوں کو کالی کھانسی، گردن توڑ بخار، تشنج، خسرہ، وغیرہ سے بچاؤ کیلئے گلبہار کے علاقے رضویہ سوسائٹی میں مفت میڈیکل کیمپ لگایا، میڈیکل کیمپ میں سینکڑوں بچوں کو ہیپا ٹائٹس بی کے ٹیکے لگائے گئے، طبی معائنہ کیا گیا اور ادویات فراہم کی گئی۔رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر سید شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے مفت میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے رکن وخورشید بیگم میموریل ڈسپنسری پاک کالونی کے انچارج عبدالقادر لاکھانی، رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر اور ٹاؤن ناظم لیاقت آباد حافظ اسامہ قادری بھی ان کے ہمراہ تھے۔شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کیمپ پر موجود ڈاکٹروں سے بچوں میں لگائے جانے والے ٹیکے اور فراہم کی جانے والی ادویات کے بارے میں معلومات حاصل کی۔واضح رہے کہ یہ مفت میڈیکل کیمپ تین روز تک جاری رہے گا۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے شہید کارکن عابد کمال کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے شہید کارکنان عابد کمال اور محمد علی کی ہمشیرہ آمنہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواروں کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

## ایم کیوایم اسکیم 33 سیکٹر یونٹ 33/A کے کارکن شمائل احمد صالح کا تنظیم کی بنیادی رکنیت سے اخراج

کراچی۔۔۔22 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی وغیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بنا ایم کیوایم اسکیم 33 سیکٹر یونٹ 33/A کے کارکن شمائل احمد صالح ولد ابوصالح کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت دی ہے کہ وہ خارج شدہ شخص سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆